سوال

احناف کی طرف سے اکثر یہ بات سامنے آتی ہے کہ اہل حدیث حضرات ضعیف حدیث کو بھی قبول نہیں کرتے بلکہ ضعیف اور موضوع پر ایک ہی حکم لگاتے ہیں کہ وہ قابل اعتبار نہیں ہے ۔ میرا سوال یہ ہے کہ محدثین کے نزدیک کیا ضعیف روایت قابل قبول نہیں ہے اور اہل حدیث کی اس بارے م

جواب

ضعیف حدیث کے بارے میں محدثین کا طرز عمل السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ احناف کی طرف سے اکثر یہ بات سامنے آتی ہے کہ اہل حدیث حضرات ضعیف حدیث کو بھی قبول نہیں کرتے ، بلکہ ضعیف اور موضوع پر ایک ہی حکم لگاتے ہیں کہ وہ قابل اعتبار نہیں ہے ۔ میرا سوال یہ ہے کہ محدثین کے نزدیک کیا ضعیف روایت قابل قبول نہیں ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد ! شیخ ابن باز سے سوال کیا گیا کہ کیا ضعیف حدیث سے استدلال کرنا جائز ہے تو انہوں نے فرمایا : اگر ضعیف حدیث کثرت طرق سے مروی ہو تو وہ حسن لغیرہ بن جاتی ہے ، جس سے استدلال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ، لیکن مجتہد پر لازم ہے کہ وہ قرآن وسنت سے دلیل تلاش کرے ۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں : http://www.binbaz.org.sa/mat/19355 ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی